موضوع - 22

# Our kitchen Garden ہماراخانہ باغ

## Objectives مقاصد

1۔ گھریلوں ترکاریوں کی کیاریوں سے کس طرح معاشی فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔سمجھنا

2۔ فرصت کے اوقات کو نباتاتی پیداواری کاموں میں استعمال کرنے کے لیے ہمت افزائی کرنا

3۔ ہم جوبھی ترکاری چاہتے ہیں وہ اپنے گھر میں اگا سکتے ہیں جس سے پیسے کی بچت ہوگی اور صحت بھی حاصل ہوگی۔

## Background پس منظر

کئی گھروں میں کشادہ جگہیں پائی جاتی ہیں۔لوگوں میں یہ شعور پیدا کرنا کہ ایسی جگہوں کو گھریلو ترکاریوں کو اگانے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔گھریلوں جگہوں میں موسمی کئی ایک ترکاریاں اگائی جاسکتی ہیں جس میں پورے خاندان کی ضرورت بغیر کسی مارکٹ سے خریدی جانے والی ترکاریوں کے پوری ہوجاتی ہے۔اس کے علاوہ گھر کے افراد کو ترکاریاں اگانے میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔جس سے وہ جسمانی طور پر اپنے باغیچے میں کام کرتے ہیں تو انکی صحت بھی برقرار رہتی ہے اور پیسے کی بچت بھی ہوتی ہے۔

## Methodology طریقہ کار



1۔ اپنے قریبی گھروں میں ایسے گھر تلاش کیجیے جو کچن گارڈن رکھتے ہیں اور ایسے گھروں کی نشاندہی بھی کیجیے جو اپنے گھر میں کھلی جگہ رکھنے کے باوجود کچن گارڈن نہیں رکھتے۔

2۔ ان گھروں کی نشاندہی کیجیے جو اپنے کچن گارڈن میں قسم قسم کی ترکاریاں اگاتے ہیں۔

3۔ یہ معلوم کیجیے کہ کچن گارڈن رکھنے والے۔بیج' کھاد' کیڑے مار ادویات' ترکاریوں کے لیے پانی پر کتنا خرچ کرتے ہیں۔



4۔ ہر دو گھر والوں سے جو اپنے گھروں میں ترکاری اگاتے ہیں اور نہیں بھی اگاتے۔معلوم کیجیے کہ وہ مارکٹ کی ترکاری پر کتنے پیسوں کا خرچہ اُٹھاتے ہیں۔

5۔ ہر دو گھروں میں یہ معلوم کیجیے ہر ہفتہ وہ مارکٹ کی ترکاری پر کتنا خرچ کرتے ہیں۔

6۔ ہر دو گھروں کے ترکاری پر اخراجات کا تقابل کیجیے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

## استدلالی خلاصہ Conclusion

ہمارے گھر کے اطراف پھیلی ہریالی صاف ستھرے ماحول کے علاوہ ہمیں خوشی اور مسرت بخشتی ہے۔

آیئے ہمارے گھروں کے اطراف کی جگہ کا استعمال کریں ایک طرف بڑے درخت لگائیں اور دوسری طرف ترکاری اُگائیں۔ اور ایسی بیلیں اگائیں جو بڑے درختوں کے سایے میں پلتی ہیں۔ ہم کو چاہیے کہ ہم کھلی جگہ کو تقسیم کریں جس میں مختلف قسم کے درخت ہوں جیسے پھل دینے والے درخت، پتے والی ترکاریاں وغیرہ۔ بیلیں (Climbers)، Bottle gaurd، Pumpkin ، کدو جو گھر کی چودیواری پر چڑھتی ہیں۔

اگر ہمارے گھر میں ترکاریوں کو اگانے کی جگہ نہیں ہے تو ہم انہیں بڑے بڑے Pots میں اگا سکتے ہیں۔ اور ہم (Roof Garden) چھت پر بنائے گئے باغیچے میں بھی ترکاریاں اُگا سکتے ہیں۔ ترکاریاں جو ہمارے باغیچے میں اگائی جاتی ہیں صحت بخش ہوتی ہیں۔ کیونکہ ہم ان ترکاریوں کے لیے کیمیائی اشیاء یا کیڑے مار ادویات کا استعمال نہیں کرتے اس طرح ماحول بھی آلودہ ہونے نہیں پاتا۔ ہم صحت مند رہ سکتے ہیں۔ اور ہم ادویات کے اخراجات سے بھی بچ جاتے ہیں۔ ایسی تمام سرگرمیاں یا مشغلے Eco friendly کہلاتے ہیں۔

اپنے مطالعہ کی بنیاد پر بتلایئے کہ کچن گارڈن فائدہ مند ہے کہ نہیں۔

## مزید کاروائی Follow-up

1۔ اپنی رپورٹ کو اپنی کلاس میں پیش کیجیے یا پھر اسکول کی دعائیہ اجتماع میں۔

2۔ آپ کے مکان میں پتے والی اور دیگر ترکاریاں اگایئے۔ اگر مکان میں کوئی جگہ نہ ہو تو مٹی سے بھرے گھڑوں میں انہیں اگانے کی کوشش کیجیے اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو پلاسٹک کی تھیلیوں میں زرخیز مٹی میں چھوٹے پودے مثلاً کوتمیر، پودینہ، اور ٹماٹر، میتھی وغیرہ اگایئے۔

3۔ کسی پتلی گردن کی پانی بھری بوتل میں ایک رتالو کو داخل کیجیے۔ وہ کس طرح بڑھتا ہے مشاہدہ کیجیے کسی کاپی میں اپنے احساسات کو لکھیے۔

4۔ آپ کی پسندیدہ ترکاری کونسی ہے؟ اس ترکاری کے متعلق اخبارات، میگزینوں وغیرہ سے معلومات جمع کیجیے۔